روزنامہ

الفضل

CPL 61

PH: 0092 4524 213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعہ 13 اپریل 2001ء - 18 محرم 1422 ہجری - 13 - شہادت 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 80

## ابتلاؤں کا اجر

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن جب ابتلاؤں سے گزرنے والوں کو اجر دیا جائے گا تو اہل عافیت یعنی جو ابتلاؤں سے محفوظ رہے وہ خواہش کریں گے کہ کاش دنیا میں ان کی کھالیں قینچیوں سے کاٹی جاتیں تاکہ وہ بھی یہ مقام حاصل کرتے۔

(جامع ترمذی کتاب الزھد باب فی ذھاب البصر حدیث نمبر 2325)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یاد رکھو ابتلا بھی دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک ابتلاء اوامر و نواہی کا ہوتا ہے۔ دوسرا ابتلا قضاوقدر کا ہوتا ہے (۔)

پس اصل مرد میدان اور کامل وہ ہوتا ہے جو ان دونوں قسم کے ابتلاؤں میں پورا اترے۔ بعض اس قسم کے ہوتے ہیں کہ اوامر و نواہی کی رعایت کرتے ہیں لیکن جب کوئی ابتلا مصیبت قضاوقدر کا پیش آتا ہے تو اللہ تعالیٰ کا شکوہ کرتے ہیں۔ ایسا ہی بعض فقیر دیکھے گئے ہیں کہ ہمیں نفس کشی کی اس قدر مشق ہے کہ سارے دن میں صرف ایک مرتبہ سانس لیتے ہیں لیکن وہ ابتلاء کے وقت بہت ہی بودے اور کمزور ثابت ہوتے ہیں۔ قوی وہی ہے جو اعتقاد صحیح رکھتا ہو۔ اعمال صالحہ کرنے والا ہو اور مصائب و شدائد میں پورا اترنے والا ہو اور یہی جوانمردی ہے۔ جب تک عبودیت میں پورا اور کامل نہیں رویا یا الہامات پر اس کا فخر بے جا ہے کیونکہ اس میں اپنی کوئی خوبی نہیں بلکہ یہ تو اللہ تعالیٰ کا فعل ہے اور اس امر میں کامیابی کے لئے ایک زمانہ دراز چاہئے جلدی کبھی نہیں چاہئے جیسے کوئی شخص درخت لگاتا ہے تو پہلے اس کی یہ حالت ہوتی ہے کہ ایک بکری بھی منہ مار کر اسے کھا سکتی ہے۔ پھر اگر وہ اس سے بچے تو مختلف قسم کی آندھیاں اس پر چلتی ہیں اور اس کو اکھاڑنے کی کوشش کرتی ہیں، لیکن اگر وہ ان سے بھی بچ رہے تو پھر کہیں جا کر اسے پھول لگتے ہیں اور پھر وہ پھول بھی ہوا سے گرتے ہیں اور کچھ بچتے ہیں۔ آخرالامر پھل لگتا ہے اور اس پر بھی بہت سی آفتیں آتی ہیں کچھ یونہی گر جاتے ہیں اور کچھ آندھیوں میں تباہ ہو جاتے ہیں۔ جو پکتے ہیں اور کھانے کے کام آتے ہیں۔

اسی طرح پر ایمانی درخت کا حال ہے۔ اس سے پھل کھانے کے لئے بھی بہت سی صعوبتوں اور مشکلات میں ثابت قدم رہنا ضروری ہے۔ صوفی بھی اسی لئے کہتے ہیں کہ جب تک موت نہ آوے زندگی حاصل نہیں ہوتی۔ قرآن شریف نے صحابہؓ کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا ہے (۔) بعض صحابہؓ میں سے ایسے ہیں جو اپنی جان دے چکے ہیں اور بعض ابھی منتظر ہیں۔ جب تک اس مقام پر انسان نہیں پہنچتا۔ بامراد نہیں ہو سکتا۔

(ملفوظات جلد سوم ص 639)

## مدرسۃ الحفظ میں داخلہ کے لئے انٹرویو

مدرسۃ الحفظ میں داخلہ برائے سال 2001ء کے لئے ربوہ کے درخواست دہندگان جو کہ قواعد کے مطابق اپنی درخواستیں نظارت تعلیم کو ارسال کر چکے ہیں ان تمام امیدواران سے گزارش ہے کہ وہ مورخہ 15۔اپریل 2001ء بروز اتوار صبح آٹھ بجے انٹرویو کے لئے مدرسۃ الحفظ تشریف لے آئیں۔

قواعد درج ذیل ہیں۔

(1) درخواست دہندہ کی عمر 11 سال سے زائد نہ ہو
(2) پرائمری پاس ہو۔
(3) درخواست کے ساتھ پرائمری پاس سرٹیفکیٹ کا ہونا لازمی ہے۔

نوٹ مندرجہ بالا قواعد پر پورا اترنے کی صورت میں انٹرویو کی اجازت ہوگی۔ (نظارت تعلیم)

## مکھی کے خاتمہ کے لئے اقدامات

(1) محلہ جات میں ہر جمعہ وقار عمل کا اہتمام کریں جس میں گھر، گلی محلہ کی صفائی کی جائے
(2) کوڑا کرکٹ کے لئے ڈسٹ بن استعمال کریں
(3) بعض لوگ اپنے گھروں کی صفائی کا اہتمام کرتے ہیں لیکن ان کے خاکروب اور صفائی کرنے والے کوڑا کرکٹ اٹھا کر باہر دیواروں کے ساتھ یا ملحقہ خالی پلاٹس میں پھینک دیتے ہیں اس طرح ماحول گندا ہوتا ہے اس امر کی نگرانی کریں کہ کوڑا کرکٹ تزئین کمیٹی کے بنائے ہوئے فلتھ ڈپوز کے اندر ڈالا جائے۔
(4) یہ امر بھی مشاہدہ میں آیا ہے کہ کوڑا کرکٹ فلتھ ڈپوز کے اندر ڈالنے کی بجائے اس کے اردگرد باہر پھینک دیا جاتا ہے۔ جس سے گندگی پھیلتی ہے اور مکھیوں کی افزائش ہوتی ہے۔ محلہ جات اس امر کی بھی نگرانی کریں کہ کام کرنے والے کوڑا کرکٹ فلتھ ڈپوز کے اندر ڈالیں اور باہر ہرگز نہ پھینکیں۔
(5) گھروں میں مستورات ایسا انتظام کریں کہ گھر کا کوڑا کرکٹ مثلاً سبزیوں کے چھلکے اور دوسرا گند ایک ڈبہ یا کنستر جس پر ڈھکنا لگا ہو اس میں ڈالیں یا پولی تھین کے بڑے بیگ میں ڈالیں اور اس کو روزانہ فلتھ ڈپوز میں ڈلوائیں۔ یا خالی کریں۔
(6) ایسے افراد جنہوں نے مویشی پال رکھے ہیں ان کا

باقی صفحہ 8 پر

# سیرالیون میں

## جلسہ ہائے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انعقاد

رپورٹ: سید حنیف احمد صاحب مربی سلسلہ

ربیع الاول کی مناسبت سے سیرالیون میں احمدیوں نے حبیب خدا ﷺ کے احسانات پر اظہار تشکر کے طور پر جلسے کئے۔ یوں تو فری ٹاؤن میں ہی 22 جلسے ہوئے جن میں 1500 کے قریب احباب شامل ہوئے اور 35 گھنٹے کے قریب وقت صرف ہوا تاہم چند ایک مقامات کے جلسوں کی مختصر رپورٹ درج ذیل ہے تا کہ احباب جماعت کو ہمارے لئے دعا کی تحریک ہو۔

### بروک فیلڈز

بروک فیلڈز کا جلسہ اس لحاظ سے بڑی اہمیت رکھتا ہے کہ جس صبح یہ جلسہ منعقد ہونا تھا اس سے پہلے رات شام ساڑھے آٹھ بجے سے لے کر قریباً چار بجے تک اس علاقہ میں زبردست فائرنگ ہوتی رہی۔ اور بعض اوقات یوں محسوس ہوتا تھا کہ کچھ لوگ مشن ہاؤس کی دیوار کے پاس کھڑے ہیں اور فائرنگ کر رہے ہیں۔ پورے علاقہ میں سخت خوف و ہراس تھا اور کیفیت امید و ناامیدی کے مابین تھی کہ کہیں یہ پروگرام رہ نہ جائے۔

صبح ساڑھے نو بجے احباب جماعت کا پہلا قافلہ تقریباً چالیس افراد پر مشتمل آنحضرت ﷺ کی مدح میں ترانے گاتا ہوا بیت الذکر میں داخل ہوا۔ جلد ہی حاضری 140 سے تجاوز کر گئی۔ مکرم عیسو ایس دین صاحب نائب امیر سیرالیون کی زیر صدارت یہ جلسہ تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا۔ جس کے بعد دعا ہوئی اور بعدہ ایک خادم نے آنحضرت ﷺ کی مدح میں عربی کے چند اشعار پڑھے۔

پہلی تقریر خاکسار کی تھی جس میں خاکسار نے آنحضرت ﷺ کی پیدائش، عرصہ رضاعت اور طفولیت کے علاوہ شادی تک کے حالات زندگی بالتفصیل عرض کئے۔ اسکے بعد مکرم الحاج عبدالکریم بنگورہ صاحب صدر مجلس انصار اللہ سیرالیون نے آنحضرت ﷺ کی زندگی کے بعض واقعات پیش کئے۔ آخر پر مکرم طارق محمود صاحب امیرو مشنری انچارج نے آنحضرت ﷺ کی زندگی کے بعض واقعات پیش کئے، خاص طور پر فتح مکہ اور آنحضرت ﷺ کے احسانات موثر انداز میں بیان فرمائے۔ آخر پر دعا سے قبل ناصرات اور اطفال الاحمدیہ نے مل کر آنحضرت ﷺ کے بارہ میں ایک گیت پیش کیا جو مقامی کریول اور عربی کا ملاپ تھا۔ دیگر احباب بھی اس میں شامل ہوئے۔ دعا کے بعد یہ محفل برخاست ہوئی۔

### گوری سٹریٹ

گوری سٹریٹ جماعت کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ فری ٹاؤن میں یہ پہلی جماعت ہے اور یہ بیت بھی پہلی بیت ہے۔

یہ جلسہ قائم مقام صدر گوری سٹریٹ مکرم محمد سانتگی طورے صاحب کی زیر صدارت ہوا۔ تلاوت کے بعد جمال محمود صاحب قائد گوری سٹریٹ نے آنحضرت ﷺ کی بعثت کے وقت عرب کی حالت اور آنحضرت ﷺ کے بچپن کے حالات بیان کئے۔ اس کے بعد مکرم طاہر مہدی امتیاز احمد صاحب وڑائچ مربی سلسلہ نے آنحضرت ﷺ کی مکی زندگی اور سلسلہ الہامات کے موضوع پر بصیرت افروز خطاب فرمایا۔

حضرت مسیح موعود کی تحریرات سے اقتباس پیش کئے۔ نیز دوسرا پہلو آنحضرت ﷺ بحیثیت ابوالمساکین پیش کیا۔ غیر احمدی احباب و مستورات سمیت 270 افراد اس بابرکت پروگرام میں شامل ہوئے۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی۔

### اونیل سٹریٹ

یہ فری ٹاؤن کی سب سے بڑی جماعت ہے اور بذریعہ وقار عمل اپنی دو منزلہ بیت الذکر تیار کر رہے ہیں جو اب آخری مراحل پر ہے۔ بعد نماز عصر جلسہ کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم الماسی سیسے سرکٹ مشنری نے کی۔ ناصرات نے آنحضرت ﷺ کی مدح میں مقامی زبان میں قصیدہ پیش کیا۔ صدر جماعت مکرم ایم۔ اے۔ سیسے نے بعثت سے قبل عرب کی حالت زار پیش کی۔ بعدہ اے۔ کے۔ بنگورہ صاحب صدر مجلس انصار اللہ سیرالیون نے آنحضرت ﷺ کے بچپن کے حالات بیان فرمائے۔ اس کے بعد چند خدام نے آنحضرت ﷺ کی مدح میں گیت گایا۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے آنحضرت ﷺ بحیثیت داعی الی اللہ اور بحیثیت محسن انسانیت کے موضوع پر ڈیڑھ گھنٹہ خطاب کیا اور احادیث کی روشنی میں واقعات کی تفصیل بیان کی۔ نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد یہ جلسہ برخاست ہوا۔

### نیو انگلینڈ

شام چھ بجے اس جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم جبرائیل کونٹے صاحب نے اپنی خوبصورت آواز کے ساتھ کی۔ بعدہ چیف امام فوڈے مانسرے صاحب نے آنحضرت ﷺ کے بچپن کے واقعات بیان کئے۔ اس کے بعد نائب امام مکرم مصطفیٰ صاحب نے آنحضرت ﷺ کی مکی زندگی کے واقعات سنائے کہ کس طرح سرور کونین نے پے در پے مصائب برداشت کئے لیکن حق کی اشاعت سے منہ نہ موڑا۔ آخر پر خاکسار سید حنیف احمد نے سورۃ فتح کی ابتدائی آیات کے حوالے سے صلح حدیبیہ کی تفصیل بیان کی کہ کس طرح کفار نے اس معاہدہ کو اپنی تذلیل سمجھا لیکن خدا نے بتلایا کہ آخر یہی معاہدہ فتح مکہ کا باعث ہوا۔ اور تلقین کی کہ قرآن کو غور سے پڑھنا چاہئے کیونکہ یہ ہمیں آنحضرت ﷺ کی عظمت عالیہ کی جھلکیاں دکھلاتا ہے۔ بفضل خدا حاضرین کی تعداد 110 تھی۔

آخر پر ناصرات نے انگریزی میں آنحضرت ﷺ کی مدح میں گیت گایا۔ جب سب لوگ اس گیت میں شامل ہوتے تو عجیب سماں بندھتا۔ نمازوں کے بعد کھانا پیش کیا گیا۔ اختتامی تقریر میں صدر جماعت پا علیو مانسرے نے سب کا شکریہ ادا کیا اور دعا کے بعد یہ محفل ختم ہوئی۔

### ایسنشن ٹاؤن

اس جماعت میں بھی جلسہ کا آغاز حسب روایت تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی اور دعا کے بعد مقامی زبان اور عربی زبان کا ملا جلا ہدیہ تبریک آنحضرت ﷺ کے حضور پیش کیا گیا۔

پہلی تقریر مکرم محمد کونٹے صاحب کی تھی موضوع تھا "آنحضرت ﷺ بطور داعی الی اللہ"۔ پھر خاکسار حنیف احمد نے "حضرت مسیح موعود کی آنحضرت ﷺ سے محبت" کے موضوع پر حضرت مسیح موعود کی تحریروں کے اقتباسات اردو، فارسی اور عربی کے اشعار پیش کئے اور قرآن کریم کے حوالے سے بتایا کہ آنحضرت ﷺ کی محبت میں روحانیت کی بنیاد ہے۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے "آنحضرت ﷺ اور انسانی حقوق" کے موضوع پر تقریر کی۔ آپ نے بتایا کہ عورتوں کو آج جو عزت و تکریم حاصل ہے وہ آنحضرت ﷺ کا ہی طبقہ نسواں پر احسان ہے۔ نیز غلاموں کی آزادی اور ان کے حقوق، بچوں کے حقوق وغیرہ آپ نے واقعاتی رنگ میں بیان کئے۔ 80 سے زائد مرد و زن نے ان تقاریر سے فائدہ اٹھایا۔

آخر پر دعا کے ساتھ یہ مبارک جلسہ اپنے اختتام کو پہنچا۔

(الفضل انٹرنیشنل 22 ستمبر 2000ء)

---

## پکنک پروگرام واقفین نو
## پاکستان چپ بورڈ ضلع جہلم

مورخہ 18-2-2001 بروز اتوار واقفین نو جہلم شہر اور واقفین نو پاکستان چپ بورڈ نے پکنک منائی۔ پہاڑیوں کے دامن میں یہ پکنک منائی گئی۔ کھانا تمام بچے گھروں سے لائے تھے لیکن کباب وغیرہ پکنک والی جگہ پر تیار کئے گئے اس دوران واقفین نو بچوں کے درمیان تلاوت اور نظم کا مقابلہ بھی کروایا گیا۔ ایک غیر از جماعت دوست نے اپنا گھر اس پروگرام کے لئے دے دیا تھا اور پلاؤ وغیرہ سے واقفین نو کی مہمان نوازی بھی کی ان کے لئے درخواست دعا ہے۔ اس پروگرام میں مکرم امیر صاحب جماعت جہلم شہر نے بھی شرکت فرمائی۔ دعا کے ساتھ تین بجے بعد دوپہر یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

## عیادت مریضان، واقفین نو نصر غربی ب

☆ مورخہ 5-2-2001 کو دارالنصر غربی "ب" کے 25 واقفین نو مکرم عبدالرشید تبسم صاحب نائب سیکرٹری وقف نو اور دو لیڈی ٹیچرز کے ہمراہ عیادت مریضان کے لئے فضل عمر ہسپتال گئے۔ واقفین نو کو فضل عمر ہسپتال کی تاریخ سے آگاہ کیا گیا واقفین نے ہسپتال کے درج ذیل شعبہ جات کو دیکھا۔ پرچی روم۔ آؤٹ ڈور۔ الٹرا ساؤنڈ روم۔ ایکسرے پلانٹ ECG روم، نیو چلڈرن وارڈ۔ CCU وارڈ۔ دفاتر اور میٹنگ روم۔

ان کمروں میں موجود جدید مشینری کو چالو کر کے واقفین نو کو ان کے کام کے طریق کار کے بارے میں معلومات دی گئیں۔

واقفین نو نے مریضوں کی عیادت کی اور تحفہ جات تقسیم کئے۔

## زیارت مرکز وفد واقفین نو گوجرہ
## 296 گ-ب اور 297-گ-ب

28 واقفین نو 30 والدین اور دیگر 15 افراد پر مشتمل ایک وفد گوجرہ شہر، 296 گ-ب اور 297 گ-ب سے زیارت مرکز کے لئے 30 مارچ 2001ء کو ربوہ پہنچا۔ وفد کے قیام و طعام کا بندوبست دارالضیافت میں کیا گیا تھا۔ وفد کے ساتھ مکرم عدیل احمد صاحب گوندل مربی سلسلہ، مکرم اکرام اللہ صاحب شاکر مربی سلسلہ اور مکرم مبارک احمد صاحب سیکرٹری وقف نو ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بھی تھے۔ وفد نے دوران زیارت بہشتی مقبرہ، بیت المبارک، بیت الاقصیٰ، نمائش صد سالہ جوبلی، گلشن احمد نرسری، فضل عمر ہسپتال، بیت المہدی اور خلافت لائبریری کی سیر کی۔ وفد کی ملاقات مکرم ملک منور احمد جاوید صاحب نائب ناظر دارالضیافت، محترم وکیل صاحب وقف نو اور محترمہ حضرت آپا طاہرہ صدیقہ صاحبہ سے کروائی گئی۔ وفد نے دوران زیارت دریائے چناب اور باغات حضرت خلیفۃ المسیح کی بھی سیر کی۔ یکم اپریل 2001ء کو وفد ربوہ سے گوجرہ واپس روانہ ہوا۔

(وکالت وقف نو)

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے۔ سالانہ 900 روپے

(ترتیب بلحاظ زمانہ)

# چند مشہور محدثین اور ان کی کتب

عبدالسمیع خاں - ایڈیٹر الفضل

| نمبر شمار | نام | ولادت | وفات | علاقہ | مشہور کتب |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ابن شہابؒ زہری - محمد بن مسلم | 50ھ | 124ھ | مدینہ | کتاب المغازی |
| 2 | امام ابوحنیفہؒ - نعمان بن ثابت | 80ھ | 150ھ | کوفہ | مسند امام اعظم |
| 3 | امام مالکؒ - مالک بن انس | 93ھ | 179ھ | مدینہ | موطا امام مالک |
| 4 | امام محمدؒ - ابن حسن شیبانی | 132ھ | 189ھ | بغداد | موطا امام محمد - کتاب الحج - الجامع الکبیر |
| 5 | ابوداؤد طیالسی - سلیمان داؤد بن جارود | 133ھ | 204ھ | بصرہ | مسند ابوداؤد طیالسی |
| 6 | امام شافعیؒ - محمد بن ادریس | 150ھ | 204ھ | مصر | کتاب الام |
| 7 | واقدی - محمد بن عمر | 130ھ | 207ھ | بغداد | التاریخ والمبعث والمغازی |
| 8 | عبدالرزاقؒ - ابوبکر | | 211ھ | یمن | المصنف عبدالرزاق |
| 9 | ابن سعدؒ - محمد الزہری | 168ء | 230ھ | بغداد | الطبقات الکبیر |
| 10 | ابن ابی شیبہ - ابوبکر عبداللہ بن محمد | | 235ھ | کوفہ | المصنف ابن ابی شیبہ |
| 11 | امام احمدؒ - احمد بن محمد بن حنبل | 164ھ | 241ھ | بغداد | مسند احمد بن حنبل |
| 12 | امام دارمی - محمد بن عبداللہ | 181ھ | 255ھ | سمرقند | مسند دارمی |
| 13 | امام بخاریؒ - محمد بن اسماعیل | 194ھ | 256ھ | بخارا | صحیح بخاری - الادب المفرد - تاریخ کبیر - تاریخ صغیر |
| 14 | امام مسلم - مسلم بن حجاج | 206ھ | 261ھ | نیشاپور | صحیح مسلم - کتاب الاسماء |
| 15 | امام ابن ماجہ - محمد بن یزید | 209ھ | 273ھ | (قزوین) ایران | سنن ابن ماجہ |
| 16 | امام ابوداؤد - سلیمان بن اشعث | 202ھ | 275ھ | سجستان | سنن ابی داؤد |
| 17 | امام ترمذی - محمد بن عیسیٰ | 209ھ | 275ھ | ترمذ | جامع ترمذی - شمائل الترمذی |
| 18 | بزار - احمد بن عمرو | | 292ھ | فلسطین | مسند بزار |
| 19 | امام نسائی - احمد بن محمد | 214ھ | 303ھ | خراسان | سنن نسائی |
| 20 | ابویعلیٰ موصلی - احمد بن علی | 210ھ | 307ھ | موصل | مسند ابویعلیٰ |
| 21 | ابن خزیمہ - محمد بن اسحاق | 223ھ | 311ھ | خراسان | صحیح ابن خزیمہ |
| 22 | طحاوی - احمد بن محمد | 237ھ | 321ھ | مصر | معانی الآثار |

| نمبر شمار | نام | ولادت | وفات | علاقہ | مشہور کتب |
|---|---|---|---|---|---|
| 23 | ابن حبان - محمد ابو حاتم | 270ھ | 354ھ | خراسان | صحیح ابن حبان - کتاب الضعفاء |
| 24 | طبرانی - ابوالقاسم | 260ھ | 360ھ | شام | معجم کبیر - معجم اوسط - معجم صغیر |
| 25 | ابن عدی - عبداللہ | 277ھ | 365ھ | جرجان | کامل ابن عدی |
| 26 | امام دارقطنی - علی بن عمر | 306ھ | 385ھ | بغداد | سنن دارقطنی - کتاب العلل |
| 27 | خطابی - حمد بن حمد | 317ھ | 388ھ | نیشاپور | (1) معالم السنن شرح ابوداؤد<br>(2) اعلام السنن شرح بخاری |
| 28 | امام حاکم - محمد بن عبداللہ | 321ھ | 405ھ | نیشاپور | مستدرک حاکم |
| 29 | ابونعیم اصفہانی - احمد بن عبداللہ | 336ھ | 430ھ | ایران | حلیۃ الاولیاء - دلائل النبوۃ |
| 30 | ابن عبدالبر - یوسف بن عبداللہ | 368ھ | 463ھ | سپین | الاستیعاب فی اسماء الصحابہ جامع بیان العلم وفضلہ - کتاب التمہید |
| 31 | بیہقی - احمد بن حسین | 384ھ | 485ھ | بیہق خراسان | سنن کبریٰ - دلائل النبوۃ - شعب الایمان |
| 32 | حکیم ترمذی - محمد بن علی | 425ھ | 505ھ | ترمذ | نوادر الاصول |
| 33 | دیلمی - حافظ شیرویہ | 445ھ | 509ھ | ہمدان | فردوس الاخبار - تاریخ ہمدان |
| 34 | العبدری - رزین بن معاویہ | | 524ھ | حرمین شریفین | تجرید الصحاح الستہ |
| 35 | ابوالقاسم طلحی - اسماعیل بن محمد | 457ھ | 535ھ | ایران | الترغیب والترہیب - شرح صحیح بخاری |
| 36 | ابن العربی المالکی - محمد بن عبداللہ | 468ھ | 543ھ | سپین | شرح ترمذی |
| 37 | قاضی عیاض بن موسیٰ | 496ھ | 544ھ | سپین | مشارق الانوار - الاکمال فی شرح مسلم - الشفاء |
| 38 | ابن الجوزی - ابوالفرج عبدالرحمٰن | 510ھ | 597ھ | بغداد | شرح مشکل الصحیحین - الموضوعات فی الحدیث |
| 39 | ابن اثیر - مجدالدین مبارک بن محمد | 544ھ | 606ھ | موصل (عراق) | نہایہ ابن اثیر - جامع الاصول |
| 40 | ابن اثیر - عزالدین علی بن محمد | 555ھ | 630ھ | موصل | کامل ابن اثیر - اسد الغابہ |
| 41 | ابن الصلاح - عثمان بن عبدالرحمٰن | 577ھ | 643ھ | دمشق | کتاب فی علوم الحدیث - مناسک الحج |
| 42 | صغانی - حسن بن محمد | 577ھ | 650ھ | لاہور | مشارق الانوار |
| 43 | نووی - محی الدین یحییٰ بن شرف | 631ھ | 676ھ | دمشق | ریاض الصالحین - اربعین - تہذیب الاسماء والصفات |
| 44 | الخطیب - محمد بن عبداللہ | | 740ھ | بغداد | مشکوٰۃ المصابیح |
| 45 | ابن قیم - محمد بن ابی بکر | 691ھ | 751ھ | دمشق | اعلام الموقعین - مدارج السالکین - زاد المعاد |
| 46 | مغلطائی - علاؤالدین | 689ھ | 762ھ | مصر | تلویح شرح صحیح بخاری |
| 47 | مجدالدین فیروز آبادی - محمد بن یعقوب | 729ھ | 817ھ | شیراز | الاحادیث الضعیفہ - القاموس المحیط |
| 48 | محمد بن خلفہ الوشتاتی | | 827ھ | تیونس | اکمال الاکمال شرح مسلم |

| نمبرشمار | نام | ولادت | وفات | علاقہ | مشہور کتب |
|---|---|---|---|---|---|
| 49 | ابن حجر عسقلانی احمد بن علی | 773ھ | 852ھ | مصر | فتح الباری-الاصابہ فی تمیز الصحابہ-تہذیب التہذیب-بلوغ المرام من ادلۃ الاحکام-نخبۃ الفکر-لسان المیزان |
| 50 | العینی-بدرالدین محمود بن احمد | 762ھ | 855ھ | مصر | عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری-شرح کنزالدقائق شرح معانی الآثار |
| 51 | السیوطی جلال الدین | 849ھ | 911ھ | مصر | الجامع الصغیر-تنویر الحوالک شرح موطا امام مالک-الخصائص الکبریٰ-الدرالمنثور |
| 52 | قسطلانی احمد بن محمد | 851ھ | 923ھ | مصر | ارشادالساری فی شرح البخاری-فیض الباری شرح صحیح بخاری |
| 53 | علی متقی | | 968ھ | دکن | کنزالعمال |
| 54 | شیخ محمد طاہر گجراتی | | 982ھ | گجرات | مجمع البحار (لغت کی کتاب ہے) |
| 55 | ملاعلی قاری-علی بن سلطان | | | افغانستان | مرقاۃ شرح مشکوۃ-الاحادیث القدسیہ-تذکرۃ الموضوعات |
| 56 | مناوی-عبدالرؤف | 952ھ | 1031ھ | مصر | کنوزالحقائق-شرح اسماء اللہ الحسنیٰ |
| 57 | شیخ عبدالحق دہلوی | 958ھ | 1052ھ | دہلی | مدارج النبوۃ-شرح مشکوۃ |
| 58 | ابن حزم-علی بن احمد | 994ھ | 1063ھ | سپین | الفصل فی الملل والاھواء والنحل |
| 59 | السندی-محمد بن عبدالہادی | | 1138ھ | ٹھٹھہ سندھ | فتح الودود شرح ابی داؤد-تحفۃ الباری |
| 60 | ابن عساکر-علی بن حسن | | 571ھ | دمشق | تاریخ کبیر دمشق |
| 61 | شاہ ولی اللہ | 1114ھ | 1176ھ | دہلی | المسوّیٰ شرح موطا (عربی) المصفّیٰ شرح موطا (فارسی) ازالۃ الخفا-شرح تراجم ابواب البخاری |
| 62 | نواب صدیق حسن خاں | 1832ء | 1890ء | بھوپال | عون الباری لحل ادلۃ الباری-السراج الوہاج شرح مسلم |

ہلتا جُلتا تھا حال مِیر کے ساتھ
مَیں بھی زندہ رہا ضمیر کے ساتھ

ایک نمرود کی خدائی میں
زندگی تھی عجب فقیر کے ساتھ

آنکھ مظلوم کی خدا کی طرف
ظلم اِک ظلمتِ کثیر کے ساتھ

جرم ہے اب مری محبت بھی
اپنے اُس قادر و قدیر کے ساتھ

اس نے تنہا کبھی نہیں چھوڑا
وہ بھی زنداں میں ہے اسیر کے ساتھ

کس میں طاقت وفا کرے ایسی
اپنے بھیجے ہوئے سفیر کے ساتھ

سلسلہ وار ہے وہی چہرہ
عالمِ اصغر و کبیر کے ساتھ

آنے والا ہے اب حساب کا دن
ہونے والا ہے کچھ شریر کے ساتھ

(عبیداللہ علیم)

